کل نمبر:25 **اُردو (ششم) ٹیسٹ نمبر 1** **وقت: 30 منٹ**

چھٹا مہینا، تیسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ سلیبس (تیسرا ہفتہ)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ ایک چیز یا شخص کو ظاہر کرنے والا اسم کہلاتا ہے:

(الف)	واحد	(ب)	جمع	(ج)	جنس	(د)	صوت

2۔ چینی حاصل کرنے کے لیے کون سی زرعی فصل کام آتی ہے؟

(الف)	کپاس	(ب)	گنا	(ج)	چاول	(د)	گندم

3۔ کِس کی بدولت لوگوں کو روزگار ملتا ہے؟

(الف)	صنعت	(ب)	زراعت	(ج)	تجارت	(د)	ملازمت

4۔ دھاگے کی صنعت میں کون سی فصل استعمال ہوتی ہے؟

(الف)	گنّا	(ب)	کپاس	(ج)	چاول	(د)	گندم

5۔ گیہوں کو آٹے یا ڈبل روٹی کی شکل دینے کے لیے ضرورت پڑتی ہے:

(الف)	صنعت کی	(ب)	زراعت کی	(ج)	تجارت کی	(د)	دست کاری کی

6۔ مختلف قسم کے کیڑوں کے حملے کی وجہ سے تباہ ہو جاتی ہیں۔

(الف)	نیندیں	(ب)	فصلیں	(ج)	صنعتیں	(د)	نہریں

7۔ دُرست تلفُّظ ہے:

(الف)	رِسی۔لے	(ب)	ر۔س۔ی۔لے	(ج)	رَ۔سی۔لے	(د)	تمام دُرست

8۔ نر شے کے لیے بولا جانے والا اسم کہلاتا ہے:

(الف)	اِسم مذکر	(ب)	اسم مؤنث	(ج)	اسم مترادِف	(د)	اسم متضاد

4۔ پاکستان کی برآمدات میں شامل نہیں ہے:

(الف)	کھیلوں کا سامان	(ب)	دھاگا	(ج)	اِدویات	(د)	پٹرول

10۔ دُرست تلفُّظ ہے:

(الف)	رنگی۔نی	(ب)	رَن۔گی۔نی	(ج)	رَنگینی	(د)	تمام دُرست

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 5 اور 6 کے جواب دیں۔**

فصلوں کو کیڑوں سے بچانے کے لیے کِرم کُش ادویات اور کیمیکل کھادوں کے استعمال سے اُن کسانوں کی زمینیں کئی گنا زیادہ پیداوار دے رہی ہیں حکومت نے قدم قدم پر ان کسانوں کی راہ نمائی کے لیے مراکز قائم کر رکھے ہیں۔

1

11۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	چڑیا کی نصیحت	(ب)	ہمارا ماحول	(ج)	زراعت اور صنعت	(د)	حفظانِ صحت

12۔ حکومت نے کسانوں کی راہ نمائی کے لیے مراکز قائم کر رکھے ہیں:

(الف)	جابجا	(ب)	چپّے چپّے پر	(ج)	گھر گھر	(د)	قدم قدم پر

13۔ کیمیکل کھادوں کے استعمال سے کسانوں کی زمینیں زیادہ پیداوار دے رہی ہیں:

(الف)	کئی گُنا	(ب)	دوگُنا	(ج)	تین گُنا	(د)	ایک گُنا

حصہ دوم اور حصہ سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے (6) نمبر ہوں گے۔ **(12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''چڑیا گھر کی سیر'' کے عُنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: ''دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے'' کے عُنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: خیریت دریافت کرنے کے لیے سہیلی کے نام خط لکھیں۔

سوال نمبر2: رسید بابت وُصولی کرایہ مکان تحریر کریں۔